میں درگاھوں کے تحت کے مکانات کو اس سے خارج کیا گیا ۔ اس بارے میں غور کرنا ضروری ھے ۔ خانگی مکانات کے تعلق سے جو قانون ھے اس کے تحت انکو بھی بالکلیہ لانا چاھئے یہ میرا منشاء نہیں ھے ۔ تاھم میں یہ عرض کرونگا کہ کچھ نہ کچھ چک (Check) ہونا ضروری ھے ۔ ھمارے شہر کے جو حالات ھیں اون سے بالکل الگ کر کے اسکو نہ دیکھا جائے ۔ کوئی نہ کوئی چک (Check) قائم ہونا ضروری ھے کیونکہ لوگ اس سلسلہ میں کافی پریشان ھیں ۔ جاگیر اڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ کی نسبت مجھے یہ کہنا ھے کہ دو تین سال قبل جاگیر ابالیشن ایکٹ کے تحت یہ محکمہ قائم ہوا اس اکا اسٹابلشمنٹ مقرر کیا گیا ۔ جاگیرات کے معاوضہ کی کارروائیاں ختم ہوگئیں لیکن اب تک اس اسٹابلشمنٹ کو برقرار رکھا جاکر اس پر خرچہ کیا جارھا ھے جس سے گورنمنٹ کا نقصان ہورھا ھے ۔ ممکن ھے ایک زمانہ میں جب کہ حسابات مکمل نہیں ہوئے تھے اس ڈپارٹمنٹ کی ضرورت محسوس کی گئی ہو ۔ لیکن آج تو اس کی قطعاً ضرورت نہیں ۔ محکمہ مال کے اڈمنسٹریشن سے یہ مابقی کام تکمیل کروالیا جاسکتا ھے ۔ اس ڈپارٹمنٹ کو جلد سے جلد ریوینیو بورڈ میں ضم کردیا جانا چاھئے ۔

ایک اور بات ھاؤس کے سامنے رکھنا چاھتا ہوں ۔ وہ یہ کہ مال کے عہدہ داروں جیسے کلکٹر تحصیلدار وغیرہ کا تبادلہ کسی اور مقام پر کردیا جاتا ھے تو غیرسرکاری اثرات ڈالکر تبادلے منسوخ کروائے جاتے ھیں ۔ کریمنگر کے کلکٹر مسٹر سین اور تحصیلدار سبا نرسیا کے تبادلے تین چار مرتبہ ہوئے ۔ لیکن بعد میں یہ منسوخ ہوگئے ۔ معلوم ہوا کہ وھاں کے خانگی افراد کے کہنے پر یہ تبادلے منسوخ کئے گئے ھیں ۔ اس طرح ریوینیو بورڈ ۳-۴ مرتبہ احکام جاری کرتا اور منسوخ کرتا ھے جس سے اس کی جگ ھنسائی ہوتی ھے ۔ اسکی آخر کیا وجہ ھے ۔ لوگوں کے کہنے پر اگر اسطرح انتظامات متاثر ہونے رھیں تو آخر محکمہ کی کیا وقعت رھتی ھے ۔ یہ کوئی ایسا معاملہ بھی نہیں تھا کہ جس سے عوام پر کوئی بھاری اثر پڑے ۔ لیکن اصل بات یہ ھے کہ یہی لوگ اپنے سے ملے ہوئے عوام کو اچکا بھکا کر اسطرح کی کاروائیاں کرواتے ھیں ۔ جنکی جانب کافی توجہ کی ضرورت ھے ۔ اس سے گورنمنٹ مشنری پر اثر پڑتا ھے ۔

آخر میں میں ایک اور بات عرض کرونگا ۔ ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ سب سے پہلے ھمیں اخلاقی پستی کو دور کرنے کی ضرورت ھے لیکن میں ایک بنیادی بات یہ کہونگا کہ دماغ انسانی محض خلاء میں پرورش نہیں پاتا ۔ دماغ سماج اور ظاھری حالات کا عکس ہوتا ھے " Mind is the creation of the wherarbouts " جس مسموم فضاء میں دماغ کام کرتا ھے اس سے وہ خود بخود متاثر ہوتا ھے ۔ ھم دیکھتے ھیں کہ خارجی حالات میں خود غرضی ھے لوٹ کھسوٹ ھے دماغ اسی سے متاثر ہوتا ھے ۔ جب تک یہ فضا نہ بدلیگی دماغوں میں یہی ارتقاء نہوگا ۔ اس لحاظ سے میں کہونگا کہ سب سے پہلے اس فضاء کو تبدیل کرنے کی ضرورت ھے جس میں ھم رھتے ھیں ۔ ھمارے سماج اور ماحول میں کئی برائیاں ھیں لوٹ کھسوٹ ھے خود غرضی ھے ۔ دولت کی ہوس ھے جب تک یہ دور نہونگے اخلاقی حالت بلند نہیں ہوسکتی پہلے اس ماحول کو بہتر بنانے کی ضرورت ھے ۔ اس کے بعد دماغ خود بخود بہتر ہوجائینگے ۔

ان خیالات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ اسپیکر سر۔ بہت ہی کم وقت میں اپنے دوچار کٹ موشنس کے بارےمیں کچھ عرض کرنا چاھتا ھوں ابھی ایک آنریبل ممبر نے فرمایا کہ پیشنس (Patience) چاھئیے ۔ لیکن پیشنس بھی آخر کب تک ۔ پیشنس کرتے کرتے آخر وہ زندہ بھی تو نہ رہ سکینگے ۔ میں نے ابتداً میں بھی یہ کہا تھا کہ اس چوکھٹے کو بدلنے کی ضرورت ھے۔ اب بیرو کراٹک (Bureaucratic) چوکھٹے کو بدلنے کی ضرورت ھے ۔ آنریبل فینانس منسٹر نے بھی کچھ سیول سرویس (Civil Services) کی ھےان کےلوگوں نے بھی کچھ کام کیا ھےمیں مانتا ھوں ۔ لیکن انکا دماغ تبدیل شدہ حالات کے ساتھ نہیں رھتا ۔ اس میں تبدیلی کی ضرورت ھے ۔ ھمیں حالات کو دیکھنا ھے ۔ ھمارےسامنے جو بجٹ پیش ھوا ھےوہ بینکرپٹ (Bankrupt) ھے ۔ اس میں لائیبلیٹیز (Liabilities) کےمقابلہ میں اسیٹس (Assets) نصف بھی نہیں ھے ۔ ھم پچاس فیصد کی حد تک مقروض ھیں ۔ ھم جب اپنے آپ کو دیش بھگت کہتے ھیں تو ھمیں سو چنا چاھیئے کہ یہ کیاحالات ھیں اور آخر اس خرابی کی وجہ کیا ھے ۔ ریوینیو ڈپارٹمنٹ کی سرویسس کے بارےمیں ھم یہ دیکھتے ھیں کہ گورنمنٹ نے کم از کم گورووالا کمیٹی کے رکمنڈیشن (Recommendations) پر بھی عمل نہیں کیا ۔ گزیٹڈ کیڈر کےبارے میں اس نے جو سفارشات کی تھیں اس پر توجہ نہیں کی گئی ۔ ھمارے پاس کلکٹر کا گریڈ ۹۰۰ تا ۱۵۰۰ ڈپٹی کلکٹر کا ۴۰۰ تا ۸۰۰ اور تحصیلدار کا ۳۰۰ تا ۶۰۰ بجٹ میں بتایا گیا ھے ۔ گورووالا کمیٹی نے سفارش کی تھی کہ اس میں کمی کی جاسکتی ھے ۔ اس نے بتایا تھا کہ ھر گریڈ میں ۱۰۰ - ۲۰۰ کی کمی ممکن ھے ۔ اس وقت میرے اس کریکٹ فیگرس (Correct figures) نہیں ھیں ۔ لیکن میں جانتا ھوں کہ کمی کے لئے سفارش کی گئی ھے ۔ اس کے برخلاف فسٹ گریڈ اور سکنڈ گریڈ کے ھاؤس رنٹ الونس بند کردئے گئے ھیں اوپر کی جائدادوں کی حد تک الونس جو بند کیا گیا ھےمجھے اس پر اعتراض نہیں ھے لیکن کم از کم سکنڈ گریڈ کی حد تک میں کہوں گا کہ ان کا ھاؤس رنٹ الونس بند نہونا چاھیئے ۔ تنخواھوں کی حد تک میں کہوں گا کہ جس طرح گور والا کمیٹی نے سفارش کی ھے کوئی تنخواہ (۱۰۰۰) سے اوپر نہونی چاھئے ۔ اس سے (۳۰) لاکھ کی بچت بتلائی گئی ھے ۔ میں نے دیکھا ھے کہ پٹرول اور جیپس پر ۳ لاکھ روپیہ خرچ کیاجاتا ھے اس کو کم کرنے کی ضرورت ھے ۔ اسی طرح ریوینیو کیڈر کافی سرپلس ھےاس پر ۱۳ لاکھ ۴۷ ھزار روپیے خرچ کرنے کی ضرورت نہیں ھے ۔ اسی طرح کلکٹرس ۔ ڈپٹی کلکٹرس اور تحصیلداروں کی تنخواھیں کم کرنے سے کافی بچت ھوسکتی ھے اور میں سمجھتا ھوں ان تمام مدات پر ریویو (Review) کر کے ھم ۳۰ - ۳۵ لاکھ کی بچت کرسکتے ھیں جیسا کہ میں نے اپنے کٹ موشن میں بتایا ھے۔

سٹلمنٹ ڈپارٹمنٹ کے بارے میں بھی مجھے کچھ عرض کرنا ھے ۔ وھاں ضرورت سے زیادہ آفیسرس ھیں ۔ کہیں ایک انسپکٹر پر ایک سپروائزر ھے ۔ انہیں اکزامین کرکے

کمی کی جاسکتی ہے ۔ مجھے اس ڈپارٹمنٹ کے کلاسروں کے بارے میں کچھ کہنا ہے ۔
ان کی جانب سے میرے پاس یہ شکایت وصول ہوئی ہے کہ انہیں تنخواہ کارگزاری کا
حساب لگا کر دیجاتی ہے ۔ اگر کسی وقت کام کم کیاجائے تو اتنی تنخواہ کم کرلی جاتی ہے ۔
ہر محکمہ میں کلرکس ہوتے ہیں ان کے کام کی نوعیت بھی کوئی مختلف نہیں ہوتی لیکن
ان کے ساتھ اس طرح کارگزاری کے لحاظ سے تنخواہ کاٹ لینے کا عمل نہیں کیا جاتا ۔
مجھے معلوم ہوا ہے کہ اس طرح کاٹا ہوا لاکھوں روپیہ جمع ہے لیکن ان لوگوں سے
زائد کام لینے پر اس رقم میں سے کچھ الونس انہیں دیا جاتا ۔ کلاسروں کا طبقہ ایک
غریب طبقہ ہے ۔ ان کی تنخواہ نھرڈ گریڈ کلرکس کے برابر ہوتی ہے ۔ اس طرح تنخواہ
کاٹ کر ان کے ساتھ نا انصافی کی جارہی ہے ۔

مجھے سکریٹریٹ کی ورکنگ کے بارے میں بھی کچھ کہنا ہے ۔ چیف سکریٹری
کو (۲۲۵۰) روپئے تنخواہ دیجاتی ہے ۔ ڈپٹی سکریٹریز کی تنخواہ (۹۰۰ تا ۱۵۰۰) ہے ۔
اس بارے میں بھی گور والا کمیٹی کی سفارشات کے بموجب عمل نہیں کیا گیا ہے ۔ اس
کمیٹی نے یہ سفارش کی تھی کہ سکریٹری کی تنخواہ (۷۰۰ تا ۱۳۰۰) ہونی چاہئے ۔
گو میں اس تنخواہ سے بھی خوش نہیں ہوں لیکن جب آپ ہی کی بنائی ہوئی ایک
اکانمی کمیٹی نے اس طرح سفارش کی ہے تو اس پر عمل کیوں نہیں کیا جاتا ۔ وجہ یہ
ہے کہ یہ لوگ ہمیشہ آپ سے قریب رہتے ہیں اور ان آپ کے خلاف کچھ نہیں
کرسکتے ۔ سکریٹریٹ کی ورکنگ کے بارے میں میرا یہ خیال ہے کہ سکریٹریز کے
ذمہ جو کام ہے وہ کافی نہیں ہے ۔ سکریٹری اور ڈپٹی سکریٹری کے درمیان کام کا برابر
ڈویژن (Division) ہونا چاہئے ۔ آج حالت یہ ہے کہ زیادہ کام ڈپٹی سکریٹریز
کرتے ہیں ۔ ڈی ۔ سنٹرلائیزیشن آف ورک (Decentralisation of work)
ہونا چاہئے ۔ اس سے افیشنسی (Efficiency) بڑھ سکتی ہے ۔
دوسرے شعبوں کے بارے میں بھی اگر مجھے موقع ملتا تو تفصیل سے بتلاسکتا ۔ لیکن
اس کی گنجائش نہیں ہے ۔ منسٹریل اسٹاف (Ministerial Staff)
بھی بہت زیادہ ہے ۔ اس بارے میں بھی گور والا کمیٹی کی سفارشات پیش نظر نہیں
رکھی گئی ہیں ۔ اس کمیٹی نے لیگل اڈوائزر کے بارے میں بھی سفارشات کی تھیں ۔
گورنمنٹ ہاؤسس اورگیریجس کے بارے میں بھی کہا تھا ۔ لیکن افسوس ہے کہ اس کو
ملحوظ نہیں رکھا گیا ہے ۔ میں امید کرتا ہوں کہ آنریبل چیف منسٹر آئندہ ان امور پر
توجہ دیں گے ۔

منسٹروں کی پگھار اور ہاؤس رنٹ الونس کے بارے میں کچھ عرض کرنا نہیں
چاہتا ۔ صرف اس قدر کہوں گا کہ جب مارل ری آرمامنٹ (Moral Re-arma-
-ment) کی باتیں کہی جاتی ہیں تو اس کی ابتدا اسی جانب سے ہونی چاہئے ۔
اگر ایڈمنسٹریشن میں کرپشن (Corruption) ہے تو اس کی ابتدا اوپر
سے ہی ہوتی ہے ۔ چپراسی دو آنے چائے کے لئے کیوں لیتا ہے؟ اس لئے کہ وہ دیکھتا

ھے کہ اس کے اوپر کا آفیسر اس سے زیادہ رقم خود لیتا ھے - اس کے سامنے لیتا ھے۔ اس لئے وہ اس سے کیسے باز رہ سکتا ھے - میں یہ کہوں گا کہ مارل ری آر مامنٹ پہلے منسٹرس کے پاس سے اور اوپر سے ہونا چاہئے - پیاٹریاٹک سوشیل سرویس (Patriotic Social Service) کے اصولوں پر کام کریں اور بینکرپٹسی (Bankruptcy) کو دور کریں - میں نے انفرمیشن اینڈ پبلک ریلیشنس ڈپارٹمنٹ کے بارے میں بھی ایک کٹ موشن دیا ھے - ایک زمانے میں اس محکمہ میں براکتھا اور اینٹی کمیونسٹ اسکیم تھی - آج کے حالات میں ان اسکیموں کو پوری طرح بند ہوجانا چاہیئے - اس پر ایک لاکھ پندرہ ہزار روپیہ فضول خرچ کیاجارھا ھے - اسی طرح آڈیوویزوول اسکیم (Audio Visual Scheme) بھی ھے - حال ھی میں ڈائرکٹر انفرمیشن ڈپارٹمنٹ امریکہ گئے تھے - ممکن ھے وہ وھاں کے حالات کو سامنے رکھتے ہوئے بڑے بڑے نام دے سکتے ھیں - لیکن کیا اسی ماحول میں یہاں کے لئے سوچنا یہاں کے لوگوں کے لئے فائدہ مند ہوسکتا ھے - ایک موٹر ویان جو امریکہ سے منگائی گئی ھے بتایا جاتا ھے کہ اس کی قیمت (۴۰) ہزار روپیئے ھے - اس پر مینٹیننس چارجس دینے پڑتے ھیں - یہاں ایک امریکن اڈوائزر ھیں - مجھے ایک مرتبہ انفرمیشن ڈپارٹمنٹ جانے کا اتفاق ہوا تھا - میں نے دیکھا یہہ امریکن وھاں ایسا برتاؤ کرتے ھیں جیسے وہ خود ڈائرکٹر ھیں - میں کہوں گا کہ اس اہم ڈپارٹمنٹ میں اس طرح مداخلت کی اجازت نہونی چاہیئے - اس کی تحقیقات کروائی جائے - میں پوچھتا ہوں ھمارے ڈپارٹمنٹ میں یہ امریکن ایجنٹس کیوں گھومتے ھیں - یہ ھمیں کیا سکھانے کی کوشش کرتے ھیں - یہ چیز انتہائی آبجکشنیبل (Objectionable) ھے -

مجھے یہ بھی بتانا ھے کہ آڈیو ویژوول اسکیم اور کمیونٹی ریڈیو اسکیم (Community Radio Scheme) جو الگ الگ دیہاتوں میں چلائی جارھی ھے وہ بالکل بند ہوچکی ھے - ریڈیو سٹس (Radio-Sets) کہیں پٹیل کے گھر میں اور کہیں پٹواری کے گھر میں رکھدیئے گئے ھیں - اگر حقیقت میں اس اسکیم سے عوام کو کوئی فائدہ پہنچانا گورنمنٹ کا مقصد ھے تو یہہ سیٹس (Sets) گرام پنچایتوں کے سپرد کئے جانے چاھئیں -

اس وقت انفرمیشن ڈپارٹمنٹ کی نسبت میرے یہ سجیشنس (Suggestions) ھیں - میں تفصیلی طور پر اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا - اس لئے کہ گورنمنٹ کی جو ریورٹ شائع ہوئی ھے اس میں بدقسمتی سے انفرمیشن ڈپارٹمنٹ کی نسبت صرف (۱۰) لائنیں (Lines) ھیں - حالانکہ خود انفرمیشن ڈپارٹمنٹ کی جانب سے یہ رپورٹ چھپی ھے - مجھے امید ھے کہ ان تمام امور کی جانب غور کیاجائیگا -

اس کے پہلے جب نوکانفیڈنس موشن اس ھاؤز میں آیا تھا اوس زمانے میں خاص طور پر کانگریس ایم - ایل - ایز کے فوٹوز (Photos) اور تقریریں انفرمیشن ڈپارٹمنٹ کی جانب سے اخباروں میں شائع کرانے کا انتظام کیا گیا - میں کہتا ہوں کہ

کیا کانگریس کو اس کا حق ہے کہ وہ انفرمیشن ڈپارٹمنٹ کو اپنے گھر کا ادارہ سمجھکر استعمال کرے - اگر بھیجنا تھا تو اپوزیشن ممبرس کے فوٹوز بھی بھیجے جاسکتے تھے - لیکن آپ کو ہمت نہیں ہوئی کہ اس ڈپارٹمنٹ کو امپارشیلی (Impartially) استعمال کریں - بیجا طور پر انفرمیشن ڈپارٹمنٹ کا استعمال کیا جا رہا ہے اور پبلیسٹی (Publicity) کی خاطر راست طور پر نیوز پیپرس کو انسٹرکشنس دئے جاتے ھیں - یہاں انفرمیشن ڈپارٹمنٹ کا ایک نمائندہ خاص طور پر بیٹھتا ہے اور آپ کے مفید مطلب باتیں نیوز پیپر ایجنسیوں کو دیتا ہے - اس طرح انفرمیشن ڈپارٹمنٹ کو اپنی پارٹی کے فائدہ کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے - اون کے لئے جو سبسیڈیز دیجاتی ھیں وہ کانگریس پارٹی کے پرچار کے لئے دیجاتی ھیں میں اس پر آبجکشن (Objection) لیتا ہوں - مجھے اب صاف صاف کہنا پڑتا ہے کہ اخباروں کو اس مطلب کے لئے سبسیڈیز دینے کی ضرورت نہیں - البتہ اگر بعض ایجنسیاں جیسے پی - ٹی - آئی وغیرہ ھیں اگر اون کی معاشی حالت خراب ہے اور وہ اکانمی میں چل رھی ھیں تو ایسی حالت میں سبسیڈیز دیجاسکتی ھیں جس پر کسی کو اعتراض نہیں ہوسکتا - نظام کے زمانے میں بھی اس طرح سبسیڈیز دی جایا کرتی تھیں اوس زمانے میں آنریبل ممبرس شکایتیں کرتے تھے کہ عوام کے خلاف اسکو استعمال کیا جا رہا ہے - آج آپ کے دور میں بھی ویسا ھی ہورہا ہے کہ پریس کو سبسیڈیز دیجاکر اپنے لئے استعمال کیا جا رہا ہے - مجھے اس کے متعلق سخت آبجکشن ہے اس کے متعلق تحقیقات ہونی چاہئے -

ایک آنریبل ممبر - یہ بالکل غلط ہے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - آپ کو جواب دینے کا حق نہیں ہے آنریبل منسٹر جواب دینگے -

انڈومنٹ کے سلسلہ میں مجھے کہنا ہے - اس میں بد انتظامیاں ھیں - سیتا رام باغ کی دیول اس ہاؤز کے ایک آنریبل ممبر کے قبضہ میں ہے اس سلسلہ میں پہلے کے ہوم سکریٹری کے پاس شکایتیں پیش ہوئیں - انہوں نے سیتا رام باغ کے متولی ، ہمارے سابقہ ایم - ایل - اے شری گنیریوال کو اسبارے میں لکھا کہ چونکہ انہیں وہاں رہنے کا حق نہیں قبضہ دے دیا جائے - انہوں نے کہا کہ میں کوئی جواب دینا نہیں چاہتا ہمارا تعلق سی - پی برار اور مدھیہ پردیش سے ہے - یہاں سے پھر لکھا گیا کہ ہم کو اس کے متعلق پوچھنے کا حق ہے لیکن وہ برابر انکار کرتے رہے - اس کے بعد آنریبل چیف منسٹر کے پاس یہ کارروائی رکھی گئی کہ اس کے متعلق کچھ کیا جائے - لیکن چونکہ وہ اوس زمانے میں کانگریس کے ایم - ایل - اے تھے اس لئے اون کی جانب کوئی توجہ نہیں دیگئی - کیا یہ غلط ہے ؟ مجھے امید ہے کہ اس کا جواب دیا جائیگا -

ترمبک لال صاحب جو انڈومنٹ کے ڈائرکٹر ہیں وہ کشن باغ دیول کے متولی ہیں اس دیول کا حساب پچھلے ۸ سال سے نہیں آیا ہے - انڈومنٹ ڈپارٹمنٹ کے ڈائرکٹر

خود اس دیول کے متولی ہیں لیکن ایک عرصہ سے اس دیول کا حساب داخل نہیں کیا جا رہا ہے ۔ ڈپارٹمنٹ اس طرح سے کام کر رہا ہے لیکن اس پر کوئی توجہ نہیں دیجاتی ۔ آپ نے اس سلسلہ میں (۱۶) لاکھ کم کرنے کے متعلق بتلایا ہے میں اوس کا خیرمقدم کرتا ہوں لیکن یہ خرابیاں بھی دور ہونی چاہئیں ۔

کیاش گرانٹس کے سلسلہ میں مجھے یہ کہنا ہے کہ لائف لانگ گرانٹس (Life long grants) بند کردئے جانے چاہئیں ۔ لیکن جوویڈوز (Widows) ہیں یا جو ضعیف لوگ ہیں جن کا دارومدار کیاش گرانٹس پر ہے اون کے متعلق ری ہیبلیٹیشن فنڈ (Rehabilitation Fund) بھی نکالا جائے کیونکہ بعض لوگ ایسے ہیں جو بالکلیہ اس پر انحصار رکھتے ہیں ۔ اگر ایسے انڈیویجول کیسس ہیں تو ری ہیبلیٹیشن کے طور پر اون کی مددکی جاسکتی ہے ۔ لیکن جو کیاش گرانٹس ہیریڈیٹری (Hereditary) طور کے ہیں وہ بند ہونے چاہئیں ۔

آخر میں مجھے ایکس سرویس مین (Ex-Servicemen) کے بارے میں کچھ کہنا ہے ۔ کل جب ھاؤز کی کارروائی چل رہی تھی تو اون لوگوں کا ایک ڈپوٹیشن (Deputation) ھاؤز کے باھر آیا ۔ میں اور کامریڈ مخدوم گئے اور پوچھا تو معلوم ہوا کہ اون لوگوں کو امپلائیمنٹ نہیں ملی ہے ۔ اس سے پتہ چل رہا ہے کہ اگر ہماری معاشی عمارت اس طرح ٹوٹتی رہے تو وہ کتنے دن ٹک سکے گی ۔ حکومت کا خیال ہے کہ ان مسائل کو اٹھانے میں کسی ریویلیوشنری (Revolutionary) پارٹی کا ہاتھ ہے ۔ میں کہتا ہوں یہ غلط ہے ۔ جب انقلاب آتا ہے تو وہ ماسس (Masses) لاتے ہیں ۔ اپنے معاشی مشکلات سے مجبور ہوکر وہ لوگ یہ قدم اٹھاتے ہیں ۔ یہ ہمارا تجربہ ہے ۔ البتہ اس سلسلہ میں سیاسی پارٹیاں اونکی صحیح رہنمائی کرتی ہیں ۔ جہاں کہیں معاشی حالات خراب ہوتے ہیں وہاں اگر سیاسی پارٹیاں رہنمائی نہ کریں تو وہاں کے عوام ڈاکے ڈالتے ہیں اور چوریاں کرتے ہیں ۔ اگر معاشی حالات خراب ہوں تو سیاسی پارٹیاں منظم شکل میں عوام کی رہنمائی کرتی ہیں اور حالات کو سدھانے کی کوشش کرتی ہیں ۔ کوئی سیاسی پارٹی عوام کو انقلاب پر اکساتی نہیں بلکہ عوام اپنے معاشی مشکلات سے مجبور ہوکر یہ اقدام کرتے ہیں اور حکومت سے لڑتے ہیں ۔ ایسے موقعوں پر مختلف سیاسی پارٹیوں کو رہنمائی کرنا پڑتا ہے اور یہ اون کا فرض ہوتا ہے ۔ یہ کہنا کہ ان امپلائیمنٹ (Unemployment) کا اڈوانٹیج (Advantage) لیکر ایجیٹیشن کیا جا رہا ہے غلط ہے ۔ ایکس سرویس من (Ex-Servicemen) کے لئے (۹) لاکھ روپیہ دئے جا رہے ہیں اس سے کام نہیں بن سکتا ۔ حکومت کو بنیادی طور پر اس کے متعلق سوچنا چاہئیے ۔

پٹواری اوطنان کو ختم کرنے کے بارے میں میں کہونگا کہ اس سے خرچ میں اضافہ نہ ہوگا ۔ کور والا کمیٹی نے لکھا تھا کہ اس ۵ - ۶ لاکھ سے زیادہ خرچ نہ ہونے چاہئیں ۔ اس لئے ان اوطان کو ختم کرنا چاہئے ۔

ایوکشنس (Evictions) کے بارے میں شائد هاوز میں ایک قانون آنے والا ھے لیکن اس اثنا میں حکومت کی یہ کوشش ہونی چاہئے کہ جو ایوکشنس ہو رہے ہیں وہ بند ہو جائیں ۔

فیمن کنڈیشن (Famine Condition) کے بارے میں مجھے یہ کہنا ھے کہ جو چیزیں اس سلسلہ میں کہی گئی ہیں اون پر بلا لحاظ اس کے کہ کس پارٹی کی جانب سے پیش کی گئی ہیں غور کیا جانا چاہئے اور لوگوں کو ریلیف (Relief) دیجانی چاہئے ۔ آخر میں ھریجنوں کے بارے میں میں کہونگا کہ اون کے متعلق سنجیدگی سے غور کرنے اور سوچنے کی ضرورت ھے ۔ ھریجنوں کا سوال صرف سوشیل امینیٹیز (Social amenities) دینے سے حل نہیں ہوگا ۔ وہ لوگ دیہات میں رہتے ہیں اون کو زمینات دیجانی چاہئیں ۔

آخر میں میں یہ بھی عرض کرونگا کہ فیوڈ لیزم اور نظام کے زمانہ کا جو ڈھانچہ ھے اوس کو جب تک توڑا نہ جائیگا ہم اپنے سوال حل نہیں کرسکینگے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ اب آنریبل چیف منسٹر جواب دینگے ۔

شری سید حسن ۔ جناب والا نے فرمایا تھا کہ چیف منسٹر کو ایک گھنٹہ دیا جائیگا ۔ ابھی ہمارے ٹائم کے دس منٹ باقی ہیں ۔ میں اس وقت میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر اسپیکر ۔ اب وقت نہیں رہا اس لئے آ ریبل چیف منسٹر اپنی جوابی تقریر کرینگے ۔

شری بی- رام کشن راؤ- مسٹر اسپیکرسر - میں آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن اور دوسرے ممبرس کا مشکور ہوں کہ کٹ موشنس پر بحث کرتے ہوئے انہوں نے نئے نظریہ کا اظہار کیا ۔ وہ ایک طرح قابل مبارکباد ہیں ۔ گزشتہ سال جس نہج پر بحث کی گئی تھی جس نظریہ کے ساتھ یہاں پر چرچا کی گئی تھی اس میں اور آج کے نظریہ میں بہت بڑا اور خوش آئند فرق مجھے محسوس ہو رہا ھے ۔ اودھر کی بنچس کے ایک آنریبل ممبر نے مرہٹی میں تقریر کرتے ہوئے ورودھی پکش (विरोधी पक्ष) کی درشٹی (दृष्टि) چھوڑ کر پرتی پکش (प्रतिपक्ष) کی درشٹی سے جو چرچا آج کے مباحث میں کی گئی اس کو انہوں نے سراہا تھا ۔ اس کی تعریف کی تھی ۔ میں اون کے ایک ایک لفظ سے متفق ہوں ۔

اتنا عرض کرنے کے بعد اب میں ان تمام کٹ موشنس کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں جن کے بارے میں یہاں پر ذکر کیا گیا ھے ۔ یہ تو ظاہر ھے جیسا کہ میں نے ابھی کہا کہ کٹ موشنس کے سلسلہ میں بحث کرتے ہوئے نکتہ چینی برائے نکتہ چینی نہیں کی گئی بلکہ آنریبل ممبرس نے کچھ کنسٹرکٹیو سجیشنس (Constructive Suggestions) بھی دئے ہیں ۔ میں اون کو نہ صرف مبارکباد دیتا ہوں بلکہ دوران تقریر میں یہ بھی

بتاؤنگا کہ اون کے جو کنسٹرکٹیو سجیشنس ہیں ان پر اب تک کتنا غور کیا گیا اور آگے چل کر انکے متعلق کیا کرنے کا ارادہ ہے ۔

سب سے پہلے تو میں فیمن کنڈیشنس (Famine conditions) اور اسکیرسٹی کنڈیشنس (Scarcity Conditions) کے بارے میں جو مباحث کئے گئے اون کو میں ہاؤز کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں سب سے پہلے میں جو عرض کرونگا وہ یہ ہے کہ بعض آنریبل ممبرس کو اس بات کی بحث رہی کہ مرہٹواڑہ اور تلنگانہ کے بعض اضلاع میں جو حالات ہیں اون کو اسکیرسٹی کنڈیشنس کیوں کہا جاتا ہے اور فیمن کنڈیشنس کیوں نہیں کہا جاتا ۔ میں گزارش کرونگا کہ اسکیرسٹی اور فیمن یہ دونوں بھی ریلیٹیو ٹرمس (Relative terms) ہیں ۔ فیمن کوڈ (Famine Code) جب تک موجود ہے اوس کی اصطلاح میں ان حالات کو اسکیرسٹی ہی کہا جاسکتا ۔ اس وجہ گورنمنٹ کو تامل ہو رہا تھا کہ ان حالات کو فیمن کنڈیشنس کہے ۔ لیکن کنڈیشنس خواہ کچھ بھی ہوں ان کی وجہ سے جو تکلیفیں اور مصیبتیں وہاں کے لوگوں کو ہو رہی ہیں اون کی حد تک گورنمنٹ نے کبھی انکار نہیں کیا ۔ محض نام کے بدل جانے کی وجہ سے تو کوئی چیز حاصل نہیں ہوسکتی ۔ محض فیمن کہدینے کی وجہ سے تو حالات میں تبدیلی نہیں ہوسکتی ......

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ فیمن کے لئے الگ ریلیف (Relief) ہے اور اسکیرسٹی کے لئے علحدہ ریلیف ہے ۔

شری بی ۔ رام کشن راؤ ۔ اسی وجہ سے تو میں نے کہا ہے کہ یہ حالات فیمن کی تعریف میں نہیں آتے ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ تو کوڈ بدل دیا جائے ۔

شری بی ۔ رام کشن راؤ ۔ ہاں کوڈ بدلنے کا مطالبہ کیا جاسکتا ہے اور اوس کو بدلنے کی کوشش بھی کیجا سکتی ہے ۔ یہ کوڈ ۳۰ ۔ ۴۰ برس بیشتر مرتب ہوا تھا ۔ اوس وقت جو حالات نظر آئے اون کے پیش نظر اوس وقت کے لوگوں نے خاص حالات کو فیمن کنڈیشنس قرار دیا ۔ لیکن جن لوگوں نے اس کو مرتب کیا انہوں نے کچھ سوچ سمجھکر اور حالات کو سامنے رکھکر ہی کیا ہوگا ۔ اس میں شک نہیں کہ اس سلسلہ میں اوس زمانے میں جو ویجس (Wages) مقرر ہوے وہ آج کے بدلے ہوئے معاشی حالات میں کم ہیں ۔ لیکن اگر اس کا ریویژن (Revision) بھی کیا جائے تو اس ہاؤز کے آنریبل ممبرس کو یہ تسلیم کئے بغیر چارہ نہ ہوگا کہ فیمن کنڈیشنس قرار دئے جانے کے بعد جو ویجس قرار دئے جائینگے وہ معمولی طور پر دئے جانے والے ویجس سے بھی کم رہینگے ۔ زندگی بسر کرنے کے لئے جن ویجس کی ضرورت ہوتی ہے اتنے ویجس نہ مل سکینگے ۔ حکومت کی جانب سے جو ویجس مقرر ہیں وہ نو یا دس آنے ہیں جو آج کل کے حالات میں ناکافی ہیں ۔ اس میں ریویژن کی ضرورت ہے اور

میں اس ضرورت کو کسی حدتک تسلیم کرنا دوں ۔ لیکن یہ بھی ما ننا پڑیگا کہ فیمن کنڈیشنس میں جو ویجس دئے جائینگے وہ معمولی ویجس سے بھی کم ہونگے اور اون کو کم رکھنا پڑیگا ۔ فیمن کوڈ جب تک باقی ہے ہم اوس کے تحت ایسے حالات کو فیمن کنڈیشنس نہیں کہہ سکتے ۔ اس وجہ سے ان حالات کو اسکیرسٹی کنڈیشنس کہتے ہیں ۔ ناموں میں تو کچھ نہیں رکھا ہے اصل میں دیکھنا یہ چاہیئے کہ نتیجہ کیا ہے ۔ گزشتہ عرصہ میں جو کچھ ہوا تفصیل سے اسٹیٹمنٹ دیا گیا ہے ۔ لیکن اوس کی نسبت کہا گیا کہ یہ ناکافی ہے ......

اس میں شک نہیں کہ مصیبت زدہ علاقوں پر جو کچھ صرف کیا جائے وہاں کے رہنے والے مصیبت زدہ لوگ اسکو کم ہی محسوس کرتے ہیں ۔ میں ہاؤز کے سامنے اپٹوڈیٹ فیگرس (Up to date figures) رکھنا چاہتا ہوں ۔ موجودہ حالات میں جو گنجائش ہمارے پاس ہے ہم اتنا ہی خرچ کرسکتے ہیں ۔ کچھ اور پرو پوزلس (Proposals) ڈسٹرکٹ کلکٹرس کے پاس سے وصول ہو رہے ہیں جنہیں حسب گنجائش عمل میں لایا جائیگا ۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اس عرصہ میں جو کچھ کیا گیا ہے وہ کچھ کم نہیں ہے ۔ ورنگل اور کھمم کے اضلاع کے لئے ۸ لاکھ (۸۰) ہزار کی منظوری دیگئی ہے ۔ اس طرح روڈس (Roads) کی مرمت کے لئے (۷،۸۰،۶۵۷) روپیہ دئے جارہے ہیں جسکو پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی نے خاص طور پر منظور کیا ہے ۔ اس طرح کھمم اور ورنگل کے لئے اسکیرسٹی کنڈیشنس (Scarcity Conditions) کو دور کرنے کے لئے ساڑھے آٹھ لاکھ کی امداد دیجا رہی ہے ۔ اسکے علاوہ مختلف مقامات پر تقاوی اور بریچڈ ٹینکس (Breached tanks) کے لئے بھی رقومات منظور کئے گئے ہیں تاکہ اسکیرسٹی کنڈیشنس کے لئے کچھ ریلیف (Relief) ملے ۔

پالونچہ اور یلندو میں فیر پرائسس شاپس (Fair prices shops) کھولے گئے ہیں تاکہ غلہ کی سہولت میسر ہو اور ایک آدھ دن کے لئے بھی تکالیف نہ ہونے پائے ۔ کیا آنریبل ممبرس ان حالات میں سچائی کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ توجہ نہیں کی گئی ؟ یہ خیال ہوسکتا ہے کہ اس سے زیادہ کام ہونا چاہئے تھا ۔

ضلع نلگنڈہ میں ساڑھے سات لاکھ روپیہ ان حالات کو بہتر بنانے کے لئے منظور کئے گئے ہیں ۔ ابھی پندرہ روز پیشتر منظوری دیگئی ہے ۔ ٹینکس (Tanks) کی درستی پر کافی روپیہ خرچ کیا جارہا ہے تاکہ غذائی اجناس کی قلت رفع ہوسکے ۔ فوڈ پروڈکشن (Food Production) کے اضافہ کے پیش نظر ہی حالیہ میٹنگ میں یہ طے کیا گیا ہے کہ دیڑھ لاکھ روپیے روڈس کے لئے بھی منظور کئے جائیں نلگنڈہ کے لئے سات لاکھ روپیہ کی منظوری دیگئی ہے ۔ پچاس ہزار روپیہ تقاوی کے لئے اور ڈھائی لاکھ روپیہ ریپرس آف ٹنکس اینڈ بنڈس (Repairs of tanks and bunds) کے لئے منظور کئے گئے ہیں ۔ لوکل گورنمنٹ کی طرف سے ایک لاکھ (۸۰) ہزار روپیہ

دینے کے لئے قواعد منظور کئے گئے ھیں - ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ وھاں پہاڑ ھیں پھر ھیں کچھ بھی نہیں کیا گیا ھے - خیر میں تو وھاں نہیں گیا ھوں لیکن ھمارے پاس رپورٹیں آتی ھیں - فیمن کمشنر اور کلکٹرس کی رپورٹوں کے لحاظ سے میں چیلنج کے طور پر کہہ سکتا ھوں کہ آنریبل ممبر کا یہ ایک سویپنگ ریمارک (Sweeping remark) ھے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - فیمن کمشنر اور کلکٹر تو زیادہ سے زیادہ تحصیل تک جاتے ھیں - وھاں وہ لوگ پہنچتے ھی نہیں -

شری بی - رام کشن راؤ - ضروری ضروری مقامات پر جا کر انہوں نے رپورٹ کی ھے ممکن ھے کہ کسی خاص جگہ وہ نہ جاسکے ھوں یا جس ایریا کا ذکر کیا جا رہا ھے وھاں نہ جاسکے ھوں - ممکن ھے کہ وہ ھالی ایریاز (Hilly areas) ھوں اور وھاں نہ پہنچ سکے ھوں - بہر حال جو کچھ کیا جاسکتا تھا کیا گیا ھے - (۵۰) ھزار کی گنجائش رکھی گئی ھے ھوسکتا ھے کہ اس سے زیادہ کی ضرورت ھو -

ضلع بیڑ کے لئے چار لاکھ (۶۰) ھزار روپیہ کی منظوری ھوئی ھے - سوالاکھ روڈس (Roads) کے لئے دئے گئے ھیں - بیڑ - پاٹودہ اور آشٹی کے سسپنشن (Suspension) کے لئے (۵۰) ھزار روپیہ دئے گئے ھیں اور ایک لاکھ (۶۰) ھزار روپیہ باؤلیوں کی کندیدگی کے لئے منظور کئے گئے ھیں - بنسورہ راجکٹ کے لئے بھی کافی رقمی منظوری دیگئی ھے - ۵۷ ھزار روپیہ اگریکلچر کے لئے دئے گئے ھیں .. اسی طرح رائچور کے لئے ۵ لاکھ ۷۰ ھزار روپیہ مہیا کئے گئے ھیں جس میں سے چالیس ھزار تقاوی کے لئے دئے گئے ھیں اور ۲ لاکھ روپیہ روڈس ورک (Roads work) کے لئے منظور کئے گئے ھیں - سندھنور .. دیودرگ اور مانوی میں پانی کم ھونے کی وجہ سے اقساط کی معافی کا اعلان کیا گیا ھے - اسطرح پانچ لاکھ ۷۰ ھزار روپیہ خرچ کئے جا رھے ھیں .. رائچور کے سات تعلقوں کے لئے سپنشن (Suspension) کا اعلان کیا گیا ھے -

عثمان آباد کے لئے (۵۰) ھزار تقاوی کے لئے منظور کئے گئے ھیں - اسطرح فیمن کنڈیشنس کو دور کرنے کے لئے حکومت نے یہ کام کیا ھے - فیمن فنڈ (Famine Fund) میں ۳۶ لاکھ کی گنجائش رکھی گئی ھے جس میں سے نصف ھم نے اس سال خرچ کیا ھے - اگر ایسے ھی حالات آئندہ سال بھی رھیں تو فیمن فنڈ میں کچھ باقی نہ رھیگا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - کیا آئندہ کے لئے کچھ بھی پراویژن نہیں ھے -

شری بی - رام کشن راؤ - ھاں نہیں ھے - آنریبل ممبر کہیں کہ اس سے دگنا کرنا چاھئے تو ھم مجبور ھیں - آپکی ٹریژری (Treasury) میں پیسہ نہیں ھے تو ھم کیا کریں - ھم تو آپکے گماشتے ھیں - گماشتہ اتنا ھی خرچ کریگا جتنی کہ گنجائش ھے - (Laughter) مرھٹواڑہ میں خاص طور پر پینے کے پانی کی تکلیف

ہے - فیمن بورڈ (Famine Board) کی حالیہ میٹنگ میں ساڑھے تین لاکھ کی منظوری دیگئی ہے - دس بورنگ مشینس (Boring machines) خریدے جائینگے جو مہینہ ڈیڑھ مہینے میں آ جائینگے - یہ مرہٹواڑی میں بھیجے جائینگے - مرہٹواڑی سے جو لوگ آئے تھے - ان سے معلوم ہوا کہ باؤلیوں کی کنددگی کے سلسلہ میں عوام نے کوابریشن (Co-operation) کیا اور پبلک اداروں نے اس میں دلچسپی لی ہے - مجھے یہ سنکر خوشی ہوئی - اسکے ساتھ ساتھ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ بیڑ کے آنریبل ممبر (ایم - ا یل - اے) نے جنہوں نے بہت کچھ جوش دکھایا ہے کچھ کنسٹرکٹیو (Constructive) طریقہ پر خرچ نہیں کیا - مجھے اس چیز کا افسوس کے ساتھ اظہار کرنا پڑتا ہے - فیمن یا اسکیرسٹی وغیرہ اس قسم کی ہیومن ڈیفیکلٹیز (Human deffiiculties) کے بارے میں آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن مبالغہ آمیزاور شاعرانہانداز میں واقعات کو نہ پیش کریں تو مناسب ہے - سچائی کے ساتھ واقعات پیش کئے جائیں تو وہ کونسی حکومت ہوگی جو ان حالات کی جانب متوجہ نہو اور اپنے فرض کی ادائی سے لاپروائی برتے - میں هاؤز سے یہ گزارش کرونگا کہ رنگین تصویر پیش کرکے هاؤزکو متاثر کرنیکی کوشش نہ کی جایا کرے - میں نے ہر وقت اسکی کوشش کی ہے کہ تمام پارٹیز سے ملکر صحیح حالات معلوم کروں - کانگریس اور پی - ڈی - ایف کے ریپریزنٹیٹیوز (Representatives) میرے پاس آئے تھے اور با با صاحب برانچپے نے بھی میرے پاس ریپریزنٹیشن (Representation) کیا ہے اور میں نے ان ریپریزنٹیڈ (Unrepresented) لوگوں سے بھی حالات معلوم کئے ہیں - معلوم ہوا کہ اگزا جریٹیڈ پکچر (Exaggerated picture) پیش کیا گیا ہے - بیلنسڈ ویو (Balanced view) سے قطع نظر کرکے پروپیگنڈہ کی خاطر کام کیا جارہا ہے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - یہ آپ کا مس انفرمیشن (Mis-information) ہے -

شری بی - رام کشن راؤ - میں مطمئن ہونے کے بعد انکساری کے ساتھ عرض کر رہا ہوں -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - انکوائیری (Enquiry) کی جائے میں بھی یقین کے ساتھ کہہ رہا ہوں -

شری بی - رام کشن رام راؤ - غرض یہ کہ اسکیرسٹی اور فیمن کے بارے میں کلیاریفائی (Clarify) کرنا چاہئے -

دوسری چیز یہ کہ جمبندی کے بارے میں جو کٹ موشنس آئے ہیں ان پر مباحث ہوئے - جیسا کہ ابھی آنریبل ممبر کلوا کرتی نے کہا زیادہ تر تلنگانہ میں جمعبندی کے معاملات کچھ پیچیدہ ہیں - ہم لوگوں نے بھی اس بارے میں برسوں اسٹڈی (Study)

کی ھے.. اور ان پیچیدگیوں کو حل کرنے کیلئے کافی ایجیٹیشن (Agitation) کیا ھے - میں یہ نہیں کہتا کہ ھمارے ایجیٹیشن کی بناء پر ھی سب کچھ ھوا ھے لیکن یہ حقیقت ھے کہ کم از کم پولس ایکشن کے بعد اس سلسلے میں کافی مشکلات کو رفع کرنے کی جانب حکومت نے توجہ دی ھے - میں صرف چند چیزیں آپ کے سامنے رکھتا ھوں - اسکے یہ معنی نہیں کہ اب ان میں کوئی مشکلات ھی نہیں ھیں - ریوینیو ڈپارٹمنٹ نے اس بارے میں جس حد تک کام کیا ھے اسکا تذکرہ کردینا مناسب سمجھتا ھوں - جمعبندی میں ایک بہت بڑی بھاری کمی پولس ایکشن کے بعد زیر باؤلی اراضیات کے دھاروں میں ھوئی ھے - اسکے لئے ایک زمانے سے ایجیٹیشن ھورھا تھا کیونکہ کاشت تو باؤلی کے پانی سے کیجاتی تھی لیکن تری دھارا لیا جاتا تھا - پچھلی گورنمنٹ نے اس پر توجہ نہیں کی اور قطعی فیصلہ نہیں کیا - لیکن پولس ایکشن کے بعد ھم نے سب سے بڑا کام یہ کیا کہ زیر باؤلی آراضیات کے دھارے خشکی کے مساوی لئے جانے لگے - اب ان آراضیات سے تری دھارا نہیں لیا جاتا - اندرون آیاکٹ اور بیرون آیاکٹ جو زمینات ھوتی ھیں ان کے اسسمنٹ (Assessment) میں فرق رکھا گیا ھے - اگر زیر باؤلی آراضی پر کاشت پورے طور پر باؤلی کے ذریعہ نہو بلکہ دیگر ذرائع آب کی مدد سے کاشت ھو تو ایسی صورت میں سرکار کو ریوینیو اسسمنٹ (Revenue assessment) ادا کرنا پڑتا ھے - اسلئے کہ دیگر ذرائع سرکار کے سمجھے جاتے ھیں - اندرون آیاکٹ جو زمینات ھوں وہ بہر صورت اسسمنٹ کے مقاصد کیلئے خشکی کے زمینات سمجھے جائینگے - قانون مالگزاری میں جمعبندی کی نسبت جو رولس ھیں ان میں اسطرح کی ترمیم کردیگئی ھے کہ اگر باؤلیوں کے ذریعہ کاشت کیجائے تو کوئی تری دھارا عائد نہ کیا جانا چاھئے - اسی طریقہ پر قاعدہ (۴۲) کے تحت خالص باؤلیوں کے ذریعہ جن کھیتوں کی آبپاشی ھوتی ھے انہیں نظر انداز کرنے کا حکم دیا گیا ھے - اور دفعات (۳۰) اور (۵۳) میں جو متضاد احکام تھے انہیں نکالدیا گیا ھے -

[Mr. Deputy Speaker in the chair]

اسی طریقہ سے باؤلیاں فریلی (Freely) سنک (Sink) کرنے کیلئے بارے میں احکام ھیں - اور جو فصلیں ڈسٹرائے (Destroy) ھوجاتی ھیں ان کے رمیشن (Remission) کے بھی احکام اس سلسلے میں رکھے گئے ھیں - تلف مال کے بارے میں اعتراضات کئے گئے - میں مانتا ھوں کہ بر وقت پنچنامے کرنے اور ریلیف (Relief) دینے میں مشکلات ھوتی ھیں - آنریبل ممبر (شائد وہ نظام آباد کانسٹی ٹیونسی کے ھیں مجھے اچھی طرح یاد نہیں کہ وہ کہاں کے ھیں) نے یہ صحیح کہا کہ ۳ مہینے ۴ مہینے اور ۲ مہینے کے کراپس (Crops) کیلئے ایک ھی تاریخ رکھی گئی ھے - جس سے دقت ھوتی ھے - اور کام ٹھیک طور پر نہیں ھوسکتا - یہ ایک غلطی ھے جسکی اصلاح ضروری ھے - انہوں نے جو تجویز پیش کی ھے کہ دو تاریخیں مقرر کرنے سے آسانی ھوگی اس بارے میں فوراً کارروائی کیجاسکیگی ایک تاریخ مقرر کرنے سے ھوتا یہ ھے کہ وہ عہدہ دار جن کا کام پنچنامے کرنا ھوتا ھے اس کام کو فوری ھاتھ میں نہیں

لے سکتے۔ حالانکہ یہ لازمی نہیں ۔ درخواستیں پیش ہونے کے (۱۵) دن بعد پنچنامہ کرنے کے احکام ہیں ۔ تلف مال کی درخواستوں کی جانچ کے بارے میں ایک آنریبل ممبر نے کہا ۔ یہ واقعہ ہے کہ تلف مال کی اکثر درخواستیں صحیح نہیں ہوتیں ۔ بعض صورتوں میں لیوی سے بچنے کیلئے درخواستیں پیش کی جاتی ہیں ۔ اگر بلا جانچ اس کی منظوری دیدی جائے تو اس سے ایک طرف تو لیوی کا نقصان ہوتا ہے اور دوسری طرف مالگزاری کا ۔ کیونکہ احکام یہ ہیں کہ جہاں مالگزاری معاف کیجائے وہیں لیوی معاف کیجانی چاہئے ۔ اس لئے لوگوں کو ترغیب ہوتی ہے کہ وہ ان دونوں سے بچنے کیلئے تلف مال کی درخواستیں پیش کریں ۔ اسلئے ان کی جانچ ضروری ہے ۔ ہاں یہ تو ہوتا ہی ہے کہ کبھی گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے ۔ ممکن ہے کہ بعض صحیح درخواستیں نامنظور ہوجاتی ہوں ۔ لیکن بہرحال جانچ ضروری ہے ۔ تلنگانہ کے خاص حالات کے لحاظ سے یہ ناگزیر دفعات ہیں ۔

ایک آنریبل ممبر نے فرمایا کہ ہمارے پاس ریوینیو کے ویٹ ریٹس (Wet rates) بمقابل مدراس اور آندھرا کے زیادہ ہیں ۔ کرشنا اور گوداوری کے علاقوں کے ویٹ ریٹس کم ہیں ۔ لیکن ہمیں یہ بھی تو دیکھنا ہے کہ وہاں کے حالات اور یہاں کے حالات میں کافی فرق بھی تو ہے ۔ بات یہ ہے کہ وہاں انشورڈ کنال اریگیشن (Insured Canal irrigation) کے ذرائع ہیں ۔ اسلئے وہاں زمین کی بابتہ فکسڈ (Fixed) دھارے لئے جاتے ہیں ۔ لیکن ہمارے ہاں تلنگانہ میں حالت یہ ہے کہ چھوٹے چھوٹے اور بعض بڑے تالابوں کے ذریعہ اریگیشن ہوتا ہے اور یہ انشورڈ کنال اریگیشن کی طرح نہیں ہیں ۔ اسکی وجہ سے کچھ تھوڑا بہت امتیاز ہم میں اور متصلہ اضلاع میں پیدا ہوا ہے۔ یہ ایک قدرتی چیز ہے ہمارے پاس صرف نظام ساگر ہی ایک ایسا پراجکٹ ہے جس سے تلنگانہ میں اریگیشن کیا جاتا ہے ۔ جب تنگبھدرا پراجکٹ تکمیل پاجائیگا تو وہ کرناٹک کے علاقوں کو سیراب کریگا ۔ پاکھال اور راماپا بھی بڑے تالاب ہیں لیکن وہ انشورڈ اریگیشن نہیں ہیں ۔ اسلئے ہمارے پاس جمعبندی رولس میں کمی یکسالہ معافی یکسالہ کی پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں ۔ ہمارے پاس رین فال (Rainfall) بھی غیر یقینی ہے جسکی وجہ سے اسطرح اسسمنٹ کیا جانا ضروری ہے ۔ یہ بات بھی صحیح ہے کہ رولس اگر پیچیدہ ہوں تو اس سے زیادہ کرپشن (Corruption) کے امکانات پیدا ہوتے ہیں ۔ ....

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے ۔ جب آپ پانی نہیں دے سکتے تو اتنے ریٹس کیوں رکھے گئے ہیں ۔ آپ کمپیریٹیو ریٹس (Comparative rates) کیوں نہیں رکھتے ؟

شری بی۔ رام کشن راؤ ۔ سوال یہ نہیں ہے ۔ جن آنریبل ممبر نے یہ سوال اٹھایا تھا انہوں نے کہا تھا کہ یہاں میگزیمم ویٹ ریٹ (Maximum wet rates) ۱۶ تا ۲۰ روپیے فی ایکڑ ہے اور دوسری جگہ میگزیمم ۱۶ تا ۱۸ روپیے ہے ۔ انہوں نے

اریگیشن اور ربانی دینے یا نہ دینے کی بحث نہیں کی تھی - یہاں جب نالاب بھرتے ہیں تو اس کا ایاکٹ مقرر ہوتا ہے - اتنے ہی ایکر کے لئے پانی سربراہ کیا جاتا ہے - پی - ڈبلیو - ڈی اور مال کے عہدہ دار ملکر اس کا اندازہ لگاتے ہیں اس کو " تہہ بندی " کہا جاتا ہے - اس میں بھی کچھ پیچیدگی تھی لیکن ہم نے ۴-۵-سال کے ایوریجس (Averages) نکالکر تہہ بندی کا ایریا (Area) فکس (Fix) کرنے کا طریقہ رکھا ہے - ورنہ پٹیل پٹواریوں اور رگرداوروں کو ساز باز کرلینے کا موقع ملجاتا تھا - لیکن حالیہ احکام کے لحاظ سے اوسط کے ذریعہ تہہ بندی کا تعین کرنے کا طریقہ مقرر کر کے اس خامی کو رفع کردیا گیا ہے -

جمعبندی کے سلسلے میں پٹیل پٹواریوں کو ہرگاؤں کیلئے (۳۲) رجسٹرس (Registers) رکھنے کی ضرورت ہوتی تھی - جس سے پیچیدگیاں پیدا ہوتی تھیں - اور بلا ضرورت صادر کا بار بھی ہوتا تھا - ہم نے اس سسٹم کو ریوائز (Revise) کرکے رجسٹرس کی تعداد گھٹا کر صرف (۱۶) کردی ہے جن سے ضروری معلومات بھی آسانی سے ملسکتے ہیں اور کوئی بات چھوٹتی بھی نہیں - ایک مہینے کے اندر ان نئے رجسٹرات کے فارمس پٹیل پٹواریوں کو فراہم کردئے جائینگے - اس تعلق سے میں دوسری چیز جو عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ہمارے یہاں اسٹیٹ میں بہ مقابلہ متصلہ اسٹیٹس کے جیسے بمبئی ہے ریکارڈ آف رائیٹس (Record of Rights) کی کمی ہے - پہلے تو صرف عثمان آباد میں ریکاڈر آف رائیٹس رکھنا طے کیا گیا - لیکن بعد میں اورنگ آباد تک اوس کو اکسٹنڈ (Extend) کیا گیا - دوسرے اضلاع میں بھی وہ کام شروع کیا گیا تھا لیکن تلنگانہ کے اضلاع میں شروع نہیں کیا گیا - گزشتہ ایک سال کے عرصہ میں (۶) اضلاع میں ریکارڈ آف رائٹس کا کام شروع کردیا گیا ہے اور (۱۰) اضلاع ایسے ہیں جہاں ریکارڈ آف رائیٹس نہیں ہے - یہ صحیح ہے کہ ریکارڈ آف رائیٹس نہ ہونے کی وجہ سے جھگڑے اور مقدمہ بازی ہوا کرتی ہے اور پٹیل پٹواریوں کو غلط اندراجات کرنے کا موقع ملتا ہے - ریکارڈ آف رائیٹس نہ ہونے کی وجہ سے بھانی پترک میں پٹیل پٹواریاں تبدیلی کرسکتے ہیں - اس پرانے مرض کو دور کرنے کیلئے گو ایک سال کا عرصہ کافی نہیں ہے لیکن پھربھی اس مدت میں (۶) اضلاع میں ریکارڈ آف رائیٹس کا کام پورا کیا جارہا ہے اور (۱۰) اضلاع باقی ہیں امید ہے کہ اگلے سال (۱۰) اضلاع کا بھی ریکارڈ آف رائیٹس پورا ہوجائیگا - میں اس سلسلہ میں ہاؤز کی معلومات کیلئے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ریکارڈ آف رائیٹس اور ریکارڈ آف لیابیلیٹیز (Record of Liabilities) دو الیپکٹس ہیں - ریکارڈ آف لیابلیٹیز کے معنی یہ ہیں کہ مالگزاری ادا کرنے کا کون ذمہ دار ہے - اورکتنی مالگزاری پٹہ دار کے ذمہ ہے - فرض کیجئے کہ زید کسی زمین کا تین جنریشنس (Generations) سے پٹہ دار ہے - بعد میں (۱۵) آدمی مل کر اپنے دادا کی زمین کو تقسیم کرلیتے ہیں اور اوس زمین پر جس کا پٹہ دادا کے نام پر تھا قابض ہوتے ہیں - اگر چیکہ ورثے کی تقسیم کا اندراج نہیں رہتا لیکن ہم کو یہ دیکھنا کافی ہوتا ہے کہ جس زمین کا پٹہ دادا کے نام ہے اوس زمین کی مالگزاری مل رہی ہے یا نہیں - اسی نقطہ نظر سے ریکارڈ تیار کیا جاتا

ہے ۔ اس بات کی کوشش کیجا رہی ہے کہ جب کبھا تہ ٹرانسفر (Transfer) ہوتا ہے یا مرج (Merge) ہوتا ہے تو کس کس کے قبضہ میں کتنی زمین چلی جاتی ہے اوس کا ریکارڈ قائم کیا جائے ۔ اسی طرح بمبئی میں پٹیل پٹواریوں کی نسبت جو ٹلاٹی سسٹم ہے اوس کو یہاں بھی رواج دینے کی کوشش کیجا رہی ہے ۔ آج سے (۸۰) برس پیشتر مختار الملک نے اس نئے رعیت واری سسٹم کی بناء ڈالی تھی ۔ اس پورے سسٹم کو بدل کر بمبئی اور مدراس کے سسٹم کو یہاں لانے کی کوشش برس دو برس میں کامیاب نہیں ہوسکتی ۔ اسی وجہ سے آنریبل ممبر فرام کلواکرتی نے صبر کرنے کی تلقین کی ۔ لیکن آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے کہا کہ پیشنس (Patience) کرتے کرتے پیشنٹ (Patient) مرجا ئیگا ۔ میں کہونگا کہ جو ساٹھ ستر برس سے مریض ہو اوس کا مرض دور کرنے میں بھی دیر لگے گی ۔ اس نقطہ نظر اور اس لحاظ سے بھی ہم کو غور کرنا چاہئے ۔ یہ تو نہیں ہوسکتا کہ تاریخ مقرر کر کے کوئی میراکل (Miracle) بتایا جائے ۔ میں نے میراکل بتانے کا دعوی نہیں کیا ہے ۔ ہم نے جو قدم اس سلسلہ میں اٹھایا ہے اور جو پروگریس ہورہا ہے اوس کا دگ درشن (दिग्दर्शन) آپ کو کرانا چاہتا ہوں ۔ بیڑ کے چار تعلقوں میں اس کام کو پرومولگیٹ (Promulgate) کیا گیا ہے اور ایک پارٹی وہاں اس کام کے لئے بھیجی گئی ہے ۔ اسی طرح پربھنی کے چار تعلقوں میں بھی ایک پارٹی یہ کام انجام دے رہی ہے ۔ ریکارڈ آف رائیٹس ایکٹ متعلق کر کے وہاں کام کرنے کے متعلق نوٹی فیکیشنس جاری کئے جارہے ہیں ۔ ناندیڑ میں (۴) بیدر میں (۴) پربھنی میں (۳) اور ورنگل میں (۳) پارٹیز کام کررہی ہیں ۔ محبوب نگر ۔ وقار آباد اور کلواکرتی میں بھی کام ہورہا ہے ۔ جمعبندی اور ریکارڈ آف رائیٹس کے سلسلہ میں جو چرچا کیگئی اور جو سجیشنس (Suggestions) دئے گئے میں ان پر ضرور غور کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ اس وجہ سے کہ وہ کنسٹرکٹیو سجیشنس (Constructive Suggestion) ہیں ۔ اس سلسلہ میں جو سجیشنس ہمارے زیر غور ہیں اون میں کسی قدر تبدیلی کر کے اون کو عمل میں لایا جاسکتا ہے اور میں کہہ سکتا ہوں کہ اس کو اکسپیڈائٹ (Expedite) کرنے کی ممکنہ کوشش ہم ضرور کرینگے ۔

ویٹ ریٹس (Wet rates) کے بارے میں تھوڑاسا عرض کر کے میں اس جزو کو ختم کرونگا ۔ اس میں شک نہیں کہ آنریبل ممبرس نے جو تنقید فرمائی وہ ٹھیک ہے ۔ یہ صحیح ہے کہ ہمارے پاس تری دھارا بہ نسبت متصلہ اسٹیٹس مثلا مدراس وغیرہ کے زیادہ ہے ۔ میں اس چیز کو مانتا ہوں ۔ لیکن ڈرائی لینڈ (Dry land) کا جو اسسمنٹ (Assessment) ہے وہ بہت کم ہے ۔

مرہٹواڑی میں بمبئی کے مماثل کیفیت ہے ۔ وہاں جو حال ہے مرہٹواڑی میں بھی وہی حال ہے ۔ البتہ تلنگانہ میں تری کا دھارا مرہٹواڑی سے زیادہ ہے ۔ مرہٹواڑی میں تری دھارہ کم ہے ۔

شری ادھو راؤ پٹیل ۔ خشکی کا دھارا بمبئی کے مقابل زیادہ ہے ۔

شری بی - رام کشن راؤ - گزشتہ مرتبہ جب خشکی دھارا پر چرچا ہوئی تھی تو میں نے فیگرس بتلائے تھے - بمبئی میں حال ھی میں کیا ھوا یہ تو نہیں معلوم لیکن میں نے اوس وقت جو اسٹیڈی کی ھے اس کے امپریشن (Impression) کے تحت یہ عرض کرونگا کہ مرھٹواڑی کا خشکی دھارا بمبئی کے مقابلہ میں ایک آنہ - دو آنے یا تین آنے زیادہ ھے لیکن بعض جگہ پر کم بھی ھے - مرھٹواڑی میں ایسے ایریاز (Areas) بھی ھیں جہاں بہ مقابلہ بمبئی کے خشکی دھارا زیادہ ھے لیکن ایسے ایریاز بھی ھیں جہاں کم ھے - میں اسکو بیشک تسلیم کرتا ھوں کہ بمبئی کے مقابلہ میں کہیں دو تین آنے زیادہ دھارا ھے -

اب میں تلنگانہ کے تری دھاروں کے متعلق یہ عرض کرونگا کہ آندھرا ڈسٹرکٹ کی کرشنا اور گوداوری کی تری زمینات کے مقابلہ میں ھمارے یہاں کی تری زمینات کا دھارا زیادہ ھے - اس کے بارے میں کچھ عرصہ سے ایجیٹیشن (Agitation) ھورھا ھے اور لوگوں میں بیچینی بھی ھے - ویٹ ریٹ کمیٹی (Wet rate Committee) جو اس سلسلہ میں مقرر ھوئی تھی اوس نے اس حقیقت کو تسلیم کیا لیکن اس کی سفارشات جو اوس زمانے میں گورنمنٹ کے پاس پیش ھوئیں اون پر غور کرنے کے بعد اوس وقت کی گورنمنٹ نے اس کے فینانشیل امپلیکیشن (Financial implication) کو پیش نظر رکھتے ھوئے منظور نہیں کیا بلکہ مزید معلومات حاصل کرنے کی غرض سے ویٹ ریٹ کمیٹی کو باقی رکھا گیا اور اس پر حال ھی میں دوبارہ غور کرنے کی کوشش کیگئی - لیکن یہ ایک سوال ھے اور اس کے کچھ ایسے فینانشیل امپلیکیشنس ھیں کہ اس پر آھستگی کے ساتھ غور کرنے کی ضرورت ھے - آج کل فینانشیل اسٹرنجنسی (Financial Stringency) کے جو حالات ھیں اون کی بنا پر ھم عجلت نہیں کر رھے ھیں ورنہ اڈمنسٹریٹیو فیزسبیلیٹی (Administration Feasibility) کی بات نہیں ھے - یہ سجیشن دیا گیا کہ اس سلسلہ میں ایک کمیٹی مقرر کیجائے اور ان ٹیکسس کے بارے میں سوچا جائے - اس سلسلہ میں ایک دن پیشتر اس خیال کا اظہار کیا گیا تھا کہ سارے ملک کے متعلق ٹیکزیشن کی جو پالیسی ھے اوس پر فینانس منسٹر گورنمنٹ آف انڈیا سوچ رھے ھیں - ایک ٹیکزیشن انکوائری کمیٹی (Taxation Enquiry Committee) مقرر کیگئی ھے مگر خاص طور پر تری دھاروں کے معاملوں کے متعلق ھم اس سلسلہ میں کسی نتیجہ پر نہیں پہنچ سکے کہ کوئی کمیٹی مقرر کریں یا نہ کریں - ھم اس معاملہ پر دوبارہ غور کرنا چاھتے ھیں کہ اس کے فینانشیل امپلیکیشنس (Financial implications) اور اوس کے دوسرے مضمرات کیا ھونگے - قبل اس کے کہ ھم کوئی کمیٹی مقرر کریں ان چیزوں پر غور کرنا چاھتے ھیں - میں نہیں سمجھتا کہ کمیٹی مقرر کر کے اس پر وچار کرنے کی کوئی اوشکتا ھے - دراصل ھم کو کو دیکھنا یہ ھے کہ اس میں کہاں تک کمی کی جاسکتی ھے - اس واقعہ کی تحقیق ضرورت نہیں ھے کہ دھارے کم ھیں یا زیادہ - اس تعلق سے دوسری بات یہ پیدا ھوتی ھے کہ دوسری جگہ پر اس کو کمپیسٹ

(Compensate) کرنے کے لئے اور قسم کے ٹیکس مثلاً اگریکلچرل انکم ٹیکس
(Agricultural Income-Tax) وغیرہ موجود ہے۔ لیکن ہمارے پاس کے لیول یا ہمارے پاس
کے سلیبس (Syllabus) میں اور دوسری جگہ کے سلیبس میں فرق ہے ۔
جہاں پر تری دھارے زیادہ ہیں وہاں دوسری فسیلیٹیز (Facilities)
بھی ہیں جن کی نسبت یہ کہا جاسکتا ہے کہ (They Compensate
for this relief) میں اس پر اصرار نہیں کررہا ہوں البتہ یہ عرض کرنا چاہتا
ہوں کہ ویٹ ریٹس (Wet rate) کے بارے میں حکومت غور
کررہی ہے ۔ ہم بھی اس مسئلہ پر دوبارہ غور کرنا چاہیئے ہیں کہ کب اور کتنی
ریلیف دیجاسکتی ہے ۔

جمعبندی کے سلسلہ میں مجھے عرض کرنا ہے کہ جو نئی ترمیمات اس میں ہوئی
ہیں میں آنریبل ممبرس سے اون کی اسٹیڈی کرنے کی استدعاء کروں گا ۔ اگر
اسٹیڈی کرنے کے بعد مزید پیچیدگیاں دور کرنے کے لئے کوئی اور پراکٹیکل
سجیشن (Practical Suggestion) دے سکیں تو اوس کو
اڈاپٹ کرنا (Adopt) زیادہ سہل ہوجائیگا ۔ اگر ایسے سجیشنس
آنریبل ممبرس دے سکیں جن کے تحت کمی ہوسکتی ہے اور کوئی آپر چو نیٹیز (Oppor-
tunities) ایسے پیدا کرسکیں تو ہم خوشی کے ساتھ ریوینیو بورڈ میں بیٹھ کر اون کی
جانچ کرنے کے لئے اور موجودہ جمعبندی رولس میں تبدیلی کرکے نے لئے تیار ہیں ۔
چند آنریبل ممبرس اور خاص طور پر نلگنڈہ کے آنریبل ممبر نے مجھ سے اس سلسلہ میں
کہا تھا اور نلگنڈہ ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کے پریسیڈنٹ نے بھی خود ایک سجیشن دیا
تھا اس کو ان کا رپوریٹ (Incorporate) کرکے چند چینجس (Changes)
کئے گئے اور چند چینجس زیر غور ہیں آنریبل ممبرس کوئی اور سجیشنس بھی دے
سکتے ہیں تو میں اون کا مشکور ہوں گا ۔

اس کے بعد میں سلسلہ وارتی جوابات عرض نہیں کرونگا بلکہ جیسے جیسے آتے
جائینگے جواب دیتا جاؤنگا ۔ کیونکہ میں نے جوابات کو سلسلہ وار ترتیب نہیں دیا ہے ۔
ایک پائینٹ جس پر کٹ موشن آیا ہے وہ ایکس جاگیر ویلیجس (Ex-Jagir Villages)
کے ری اسسمنٹ (Re-assessment) کے بارے میں ہے ۔ اس سلسلہ میں
مختلف محکموں سے سوالات کئے گئے تھے اور جوابات دیتے ہوئے ہاؤز کو مطمئن کرنے
کی کوشش کی گئی تھی کہ حکومت اس سلسلہ میں کافی اسٹپس (Steps) لے رہی ہے ۔
لیکن معلوم ہوتا ہے کہ آنریبل ممبرس کو تشفی نہیں ہو رہی ہے ۔ اس کی وجہ میں
یہ محسوس کرتا ہوں کہ ان پر حکومت کی جانب سے وقت پر عمل سے نہیں کیا گیا ۔ اسکی
وجہ بھی آنریبل ممبرس نے مجھ سے دریافت کی ہے ۔ میں اس کا جواب یہ دے سکتا
ہوں کہ گورنمنٹ نے یہ آرڈرس دئے تھے کہ ایکس جاگیر ولیجس کا سروے اینڈ سٹلمنٹ
(Survey and Settlement) کیا جائے اور دیوانی کے مائل دھارے قائم کئے جائیں ۔

یہ پالیسی گورنمنٹ کی تھی ان آرڈرس کے تحت سٹلمنٹ ڈپارٹمنٹ عمل کر رہا ہے - ابھی انٹیرم ریلیف (Interim relief) کتنی دیجانی چاہئے یا نہ چاہئے اس کے متعلق گورنمنٹ اپنا ڈسکریشن (Discretion) استعمال کر رہی ہے۔ جہاں سے شدت کے ساتھ اس کی مانگ کی جاتی ہے وہاں ریلیف دیجاتی ہے - یہ میں مانتا ہوں کہ ہمارے پاس جس مانگ کے متعلق شدت کے ساتھ ریزنٹیشن ہوتا ہے اوس پر اسٹپس لئے جاتے ہیں - مجھے اس کو تسلیم کرنے میں کوئی شرم نہیں ہے - ہماری پاپولر گورنمنٹ کے پاس جتنی شدت سے مطالبہ آتا ہے اتنی تیزی کے ساتھ اوس پر غور کیا جاتا ہے - جہاں سے شدت کے ساتھ مطالبہ نہیں کیا جاتا وہاں کے بارے میں ہم یہ سمجھتے ہیں کہ وہاں اتنی سخت شکایت اس کے متعلق نہیں ہے - اس قسم کے عمل کے بارے میں کسی کو اعتراض نہیں ہوسکتا - دوسری بات یہ ہے کہ سٹلمنٹ کمشنر (Settlement Commissioner) نے انکوائری (Enquiry) کرکے چندصورتوں میں ہمارے پاس سفارش کی ہے کہ بعض مقامات میں انٹیرم ریلیف دینے کی سخت ضرورت ہے کیونکہ وہاں ریویزن (Revision) کا کام ختم ہونے میں دیر تھی چنانچہ وہاں ہم نے انٹیرم ریلیف دی - لیکن محض ایسے سوالات کا پیدا کرنا گورنمنٹ کو امبراس (Embarras.) کرنے کے سوا کچھ نہیں -

میں ہاؤز سے ادباً گزارش کرونگا کہ ایسی صورت میں یونیفارمیٹی (Uniformity) کا سوال نہ اٹھایا جائے - ایک سال کے قلیل عرصہ میں سب کو یونیفارم (uniform) کرنا ناممکن بات ہے - ہمارے پاس جو جاگیر انٹی گریشن (Jagir integration) ہوا اس میں (۸۳۹۶) مواضعات انٹی گریٹ (Integrate) ہوئے - تین برس کے عرصہ میں سروے ڈپارٹمنٹ کی جانب سے (۸۳۹۶) گاؤں کا سروے کیا جائے تو یہ ناممکن بات ہے - نہ سروے ڈپارٹمنٹ کا اتنا بڑا عملہ ہے نہ اتنے اخراجات مہیا کئے جاسکتے ہیں جتنے کہ عملے کے اضافے کے لئے اس ڈپارٹمنٹ کے مطالبات ہیں -

صرفخاص کے (۱۰۵۶) گاؤں - تینوں پائیگاہوں کے (۱۲۰۲) گاؤں اسٹیٹ مہا راجہ بہادر کے (۲۲۱) گاؤں - راجہ شا مراج کے (۳۰۲) گاؤں - ان مواضعات میں سٹلمنٹ ہوا تھا - (۱۰۵۰) مواضعات چھوٹے جاگیری مواضعات تھے جنکا سروے نہیں ہوا تھا - اب ہم نے جاگیر انٹی گریشن کے بعد (۱۱۳۱) مواضعات کے سروے کا کام ختم کیا ہے صرف (۱۷۱) مواضعات کے سروے کا کام باقی ہے - (۲۰۷) گاؤں میں جمعبندی کا عمل ہوا ہے اور (۱۳۱) گاؤں کے بارے میں ریوینیوسکریٹریٹ (Revenue Secretariate) جانچ کررہا ہے جانچ کے بعد منسٹر متعلقہ کی منظوری ہو جائیگی - (۱۰۶) مواضعات ایسے ہیں جنکی رپورٹیں تیار ہو رہی ہیں جو فینانس ڈپارٹمنٹ کی منظوری کے بعد آئینگی - اور (۱۱۰۵) مواضعات کی رپورٹیں زیر ترتیب ہیں اسکے بعد ان مواضعات کا اعلان ہو جائیگا - انکے دھارے دیوانی کے مماثل ہو جائینگے سنہ ۵۳ - ۵۴ کے لئے ہم نے ورک آؤٹ (Work out)

کردیا ھے - (۱۶۱ یا ۱۶۲) مواضعات کے ری سروے (Re-Survey) کے
احکام دئے گئے ھیں - (۶۰۷) گاؤں کا رویرن ھو رھا ھے دھارے کی کمی کی جا رھی ھے۔
عجلت کے سانھ ۶ مہینے میں یہ کام ھوجائیگا - بجٹ میں تین گونہ اضافہ کرنے کے لئے
تیار ھیں تو عجلت کے ساتھ کام ھوسکے گا پھر بھی اتنی عجلت جتنی کہ آنریبل ممبرس
آف دی اپوزیشن چاھتے ھیں ممکن نہیں ھے کیونکہ سوچنا تو جلد ھوسکتا ھے مگر
کام اتنا جلد نہیں ھوسکتا -

شری - وی - ڈی - دیشپانڈے - فوری ریلیف (۲۰) فیصدکی حدتک دینے میں کیا
دیر ھے ؟

شری بی - رام کشن راؤ - لیڈر آف دی اپوزیشن کی گائیڈنس (Guidance)
میں یہ کام ھوسکتا ھے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - مانگے بغیر نہیں دیا جاتا ھے اسلئے مجھے کہنا پڑا -

شری بی - رام کشن راؤ - کیوں تمام علاقوں کے بارے میں توجہ کی گئی ھے۔
اس کا سائیکولاجیکل (Psychological) جواب میں نے دیا ھے ۶ اسکے
معنی یہ نہیں ھیں کہ ایجی ٹیشن (Agitation) کیا جائے تو دینگے ورنہ
نہیں - یہ بات نہیں ھے - ایک طرف تو آنریبل ممبرس نے اور خاص طور پر لیڈر آف دی
اپوزیشن نے اپنی اختتامی تقریر میں اتنی چیزوں کی مانگ کی اور دوسری طرف یہ کہا
جا رھا ھے کہ انٹیرم رلیف بھی دیجائے - مرھٹواڑی میں قحط ھے لہذا لاکھوں روپیہ
خرچ کیا جائے اور اسکے ساتھ ساتھ معافی بھی دیجائے - اگر میں فیگرس سامنے رکھوں
تو معلوم ھوگا کہ پورے جاگیری مواضعات میں رمیشن (Remission) دیا
جائے تو مالگزاری میں کتنی کمی ھوگی - اس طریقہ پر غور کرنا پراکٹیکل پوائنٹ
آف ویو (Practical point of view) سے صحیح نہوگا - پولیٹیکل رائیٹس
(Political Rights) ھوں یا لیگل رائیٹس (Legal Rights)
ان سے پہلے جو سب سے زیادہ مصیبت میں ھیں انکو ریلیف (Relief) دینی
پڑتی ھے - سال دیڑھ سال میں جب سارے مواضعات کاکام ختم ھو جائیگا تو یونیفارمیٹی
(uniformity) ھوجائیگی - جس نقطہ نظر سے ھاؤز غور کررھا ھے
اس نقطہ نظر سے غور نہ کرے بلکہ گورنمنٹ کی مشکلات کیا ھیں اسکی جانب بھی
توجہ کی جائے اور پھر یہ مطالبات کئے جائیں تو مناسب ھے - رسپانسیبلیٹی
(Responsibility) کا خیال نہ ھو تو ایجی ٹیشن (Agitation) شروع کیا
جاسکتا ھے - میں بھی کن کن باتوں پر ایجی ٹیشن شروع کرسکتا تھا انکی تفصیل بتانا
نہیں چاھتا - (Laughter) وقت ھو رھا ھے لیکن شاید میرے لئے ابھی
ایک گھنٹہ باقی ھے -

مسٹر اسپیکر - ایک گھنٹه میں توکٹ موشنس بھی وتھ ڈرا (Withdraw) ہوئے ھیں -

شری بی - رام کشن راؤ - تمام فیکٹس اینڈ فیگرس (Facts and figures) پڑھکر میں اس امر کی کوشش کر رہا تھا کہ ایک کنسٹریکٹیو مینٹالیٹی Constructive (mentality) پیداکروں (Laughter) - کٹ موشن نمبر (١٣) اور ٹننسی پرابلم (Tenancy problem) کے بارے میں ایک دو ائنٹ کے سلسله میں جواب دوں تو اتنی دیر ھوگی کہ ھاؤز شاید اس کا متحمل نہ ھوسکے -اسلئے مختصر طور پر کہونگا - بعض آنریبل ممبرس نے مثالیں دیکر بہت سی باتیں کہیں - انکے جوابات دینا اس تھوڑے وقت میں مشکل ھے لیکن مختصراً اتنا کہونگا کہ اس ٹیننسی پرابلم کا ایک ھسٹاریکل بیاک گراؤنڈ (Historical background) ھےاس کو پیش نظر رکھنا چاھئے - اسکو بھول کر غور کریں تو بہت کچھ تنقید کی جاسکتی ھے لیکن جس بارے میں آنریبل ممبرس نے زیادہ زور دیا ھے وہ ایسی چیز ھے کہ باوجود ساری کوششوں کے ایوکشنس (Evictions) کا سلسله جاری ھے ورنگل اور تلگنڈہ تلنگانے کے خاص اضلاع ھیں - یہاں کے لوگوں میں ایوکشن کا زیادہ احساس پیدا ھونے کی وجه یه ھےکہ (Course of possession) کا (Intensive reconsideration) نہیں کیا گیا ھے - ھر گھڑی قبضه تبدیل ھوتا رھا ھے - کسی سال لینڈ لارڈس نے زبردستی کرکے قبضه جمائے رکھا تو کبھی ٹننٹ کو موقع مل گیا - کسی عہدہ دار یا سیاسی پارٹی کی سپورٹ (Support) مل گئی تو اس نےزبردستی قبضه کرلیا- کہیں یه ھوا کہ سمجھابجھا کر کاغذات لکھوائے گئےجسکو نوکر نامه وغیرہ کہا جاتا ھے - اس قسم کے پرابلمس (Problems) ھمارے ٹیننسی لیجسلیشن (Tenancy legislation) کے زمانے میں پیدا ھوئے ھیں اسکو آنریبل ممبر نه بھولیں -قانون آبجکٹیو کنڈیشن (Objective condition) میں آتا ھے - قانون منظور کرتے وقت یہاں لیجسلیچر میں بڑے بڑے وکلاء اپنی ساری صلاحیتیں صرف کرتے ھیں کہ کہیں کوئی خلاء نه رهجائے - قانون داں بڑی لفاظی برتتے ھیں - اس میں ایسی ورڈنگ (Wording) رکھنے کی کی کوشش کرتے ھیں کہ کہیں کوئی سوراخ ایسا نه رهجائے جسکو توڑا جاسکے - ایسی دیوار کھڑی کرنا چاھتے ھیں جس میں کوئی سوراخ نہو - لیکن پھر بھی ھولس (Holes) نکل آتے ھیں - قانون بنانے والوں سے زیادہ قانون کو توڑنے والے عقلمند ھوتے ھیں - وہ زیادہ قابل ھوتے ھیں - بحیثیت وکیل میرا تجربه ھے کہ کسی سکشن (Section) کے ایک ایک کلاز (Clause) پر آٹھ آٹھ دن بحث کی جاسکتی ھے چنانچہ میں نے خود کی ھے - قانون کوئی مختتم چیز نہیں ھے - اسکے معنی اور مفھوم کو جدھر چاھیں لیجایا جاسکتا ھے اور جو صلاحیت پر منحصر ھے -

ایک آنریبل ممبر نے جو خوش قسمتی سے کم عمر ہیں اپنے لیگل نالیج (Legal knowledge) کی بناء پر جو نظریہ ہونا چاہئیے اس میں ترقی کرکے انہوں نے اپنی پوری ذمہ داری کے خلاف یہاں یہ دعوے کیا کہ میں پوری ذمہ داری کے ساتھ کہتا ہوں اور ایک سمپل ریمارک (Simple remark) کیا کہ بورڈ آف ریوینیو کے پاس کام کیا ہے - متضاد گشتیاں جاری کرنے کا ایک کام ہے - ایک گشتی کے خلاف دوسری گشتی - دوسری کے خلاف تیسری گشتی وغیرہ - مجھے افسوس ہے کہ ایک ذمہ دار وکیل ہوتے ہوئے انہوں نے ایسا سوئیپنگ ریمارک (Sweeping remark) کیا ہے -

بات یہ ہے کہ دفعہ ۴۷ قانون مالگزاری کے بارے میں حکومت نے طے کیا ہے کہ یہ دفعہ ۴۷ کریمنل لا کی دفعہ (۴۸) کے مماثل ہے جو موجب کشاکشی ہے اس کا قانون مالگزاری میں رہنا ضروری نہیں ہے لہذا اسکو ختم کرنے کے احکام دئے گئے ہیں - وہ گشتی میں اپنے ساتھ لایا ہوں - یہ کوئی عدالت تو نہیں ہے کہ میں یہاں بحث کروں - اس گشتی میں کہا گیا ہے کہ گورنمنٹ پنڈنگ کیسس (Pending cases) ختم کرنا چاہتی ہے اس گشتی کے لحاظ سے زیر دوران مقدمات تو ختم ہوگئے لیکن اگر بعد میں پھر ایسی کوئی صورتیں پیدا ہوں تو یہ اور بات ہے یہ بات عقل انسانی سے بعید ہے کہ اس آرڈر کے بعد ایسی کوئی صورت پھر پیدا ہی نہو - جو انٹیرم آرڈرس جاری ہوئے اُن کے لحاظ سے جو ریلیف ملنا چاہئے تھا وہ ملا - بعد میں یہ سوال پیدا ہوا کہ تحصیلدار یا عہدہ دار متعلقہ کے قبضہ میں لینے یا سرکاری نگرانی میں لینے یا دوسرے فریق کی نگرانی میں دینے کی صورت میں کیا ہوگا ؟ بورڈ آف ریوینیو نے یہ کلیاریفکیشن (Clarification) کیا کہ جن مقدمات میں انیٹرم آرڈرس کے تحت پوزسشن میں تبدیلی کی گئی ہے ایسے مقدمات کا تصفیہ کردیں - باقی مقدمات ختم ہو جائینگے - یہ صراحت کردیگئی - یہ ایسی چیز ہے جس کے بارے میں یہ نہیں کہا جاسکتا کہ بورڈ آف ریوینیو نے بلا سوچے سمجھے یہ ایک دیگر متناقص احکام جاری کئے ہیں -

